بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نظر بد سے بچنے کی دعا

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج عالی بخیر ہوں گے ان شاء اللہ

عرض خدمت ہے کہ میرے دونوں بچے ماشاء اللہ بہت خوبصورت ہیں۔ اس وجہ سے ان کو نظر بد بہت جلد لگ جاتی ہے جس کی وجہ سے بہت پریشانی ہوتی ہے۔ بچوں کی حفاظت اور نظر بد دور کرنے کے لئے کوئی دعا بتادیں۔ عین نوازش ہوگی۔

**سائل: نجیہ زینب حنفیہ، انڈیا**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آیۃ الکرسی، معوذتین (قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) اور یہ دعا پڑھ کر بچوں پر دم کر دیا کریں:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ.

حدیث مبارک میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو پڑھ کر حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما پر دم کر دیا کرتے تھے۔ (صحیح البخاری: رقم الحدیث 3371)

**واللہ اعلم بالصواب**



**23 دسمبر 2020ء**